# 04-02-2026 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے عوام پرزوردیا ہے کہ بلدی انتخابات میں کانگریس پارٹی کی حمایت کی جائے۔

۲۔مرکزی وزیر کشن ریڈی نے کہا ہے کہ مرکزی حکومت، ہائی اسپیڈ ریلوے کاریڈور کے ذریعہ ضلع پالمور کی ترقی کی خواہاں ہے۔

۳۔ نائب وزیراعلیٰ بھٹی وکرامارکہ نے کہا ہے کہ حکومت کی اعلیٰ ترجیح تلگو فلم انڈسٹری ہے جبکہ حیدرآباد کو قومی سطح پر بڑا فلمی مرکز بنانے کے لئے کام کیا جارہا ہے۔

۴۔ اسپیکر پرسادکمار نے جگتیال کے ایم ایل اے سنجے کی نااہلی سے متعلق درخواست مسترد کردی ہے۔

JAGTIAL:

جگتیال کے ایم ایل اے سنجے کو تلنگانہ اسپیکر گڈم پرسادکمار کی جانب سے راحت ملی ہے جیسا کہ ان کے خلاف دائرکردہ نااہلی کی درخواست خارج کردی گئی ہے۔ بی آرایس کے ایم ایل اے جگدیش ریڈی نے اس سلسلہ میں درخواست داخل کرتے ہوئے سنجے کے خلاف کارروائی کی اپیل کی تھی۔ اسپیکر نے تاہم کہا کہ اِس بات کا ثبوت نہیں ملا ہے کہ سنجے نے انحراف کیا ہے۔ ابتک گڈم پرساد، مجموعی طور پر 8 ارکان اسمبلی کے خلاف درخواستوں کو مسترد کرچکے ہیں تاہم کڈیم سری ہری اوردانم ناگیندر کی نااہلی سے متعلق درخواستوں کی سماعت 19 فروری کو ہوگی۔

CASE:

جگتیال کے ایم ایل اے سنجے کمار نے اسپیکر کے فیصلہ پر ردِعمل ظاہر کرتے ہوئے وضاحت کی ہے کہ وہ بی آرایس کے ساتھ ہی رہیں گے۔ انہوں نے کہا کہ انہوں نے ایک سرکاری حلف نامہ داخل کرتے ہوئے اپنی رکنیت کی توثیق کی ہے اور بی آرایس پارٹی کے تعاون کیلئے ان کی تنخواہ سے ماہانہ 5 ہزار

روپے کٹ کئے جارہے ہیں۔ دوسری جانب ایم ایل اے ویویکا نندا گوڑ نے ان دعوؤں کو جھوٹا قرار دیتے ہوئے مسترد کردیا۔ ویویکا نندا نے ناکافی شواہد کی بنا پر 8 ارکانِ اسمبلی کو اسپیکر کی جانب سے کلین چٹ دئے جانے کے فیصلہ کو تنقید کا نشانہ بنایا۔

KTR:

بی آر ایس پارٹی کے کارگزار صدر کے ٹی راما راؤ نے تنقید کرتے ہوئے کہا کہ ایس آئی ٹی کی جانب سے جاری تحقیقاتی عمل تقسیم کرنے کی حکمتِ عملی ہے جبکہ فون ٹیپنگ کیس کے معاملہ میں جاری تحقیقات شبہات کو جنم دیتی ہے جس کے ذریعہ یہ بات ظاہر ہوئی ہے کہ وزیر اعلیٰ مالی تنازعہ میں ملوث ہیں۔ تلنگانہ بھون میں آج میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے کے ٹی آر نے الزام لگایا کہ سپریم کورٹ نے حال ہی میں ایک بے نامی کمپنی کے تعلق سے نوٹسیں جاری کی جس کا تعلق وزیر اعلیٰ سے ہے۔ انہوں نے دعویٰ کیا کہ ایک ایسی کمپنی کو جو مالی طور پر تباہ ہوچکی ہیں، 6 ہزار کروڑ روپے کے ٹنڈر دئے گئے جبکہ یہ کمپنی 2023ء میں خسارہ کا شکار ہوگئی تھی۔ کے ٹی آر نے مزید کہا کہ وزیر اعلیٰ نے اِس کمپنی میں اپنا ذاتی سرمایہ لگایا ہے۔ جس پر سابق میں آئی ٹی کی جانب سے دھاوے کئے گئے ہیں۔ کے ٹی آر نے مزید کہا کہ ایس آئی ٹی کی تحقیقات ایک تیار شدہ ڈرامہ ہے جس کا مقصد مختلف تجارتی معاملات اور بے نامی جائیدادوں کے معاملہ پر سپریم کورٹ کی ہدایات سے عوام کی توجہ ہٹانا ہے۔

JANASENA:

جن سینا کے صدر و نائب وزیر اعلیٰ آندھرا پردیش پون کلیان، تلنگانہ کے بلدی انتخابات میں مہم چلائیں گے۔ جن سینا کے مرکزی دفتر کی جانب سے جاری کردہ اعلان کے مطابق پون کلیان اس ماہ کی 7 اور 8 تاریخ کو انتخابی مہم میں حصہ لیں گے۔ پارٹی نے توثیق کی ہے کہ پون، بی جے پی اور جن سینا اتحاد کی نمائندگی کرنے والے امیدواروں کے حق میں انتخابی مہم چلائیں گے۔

RS-NADDA:

راجیہ سبھا میں صدر جمہوریہ کے خطبہ پر تحریک تشکر کیلئے آج کارروائی دوبارہ شروع ہوئی۔ مباحث میں حصہ لیتے ہوئے مرکزی وزیر و قائد ایوان جے پی نڈا نے کہا کہ صدر جمہوریہ کی تقریر ملک کی ترقی اور اعلیٰ تحریک کا احاطہ کرتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ صدر جمہوریہ کی تقریر امرت کال کے جذبہ کا اظہار ہے جس میں نریندر مودی حکومت کے کارناموں کو بھی اجاگر کیا گیا ہے۔ نڈا کے مطابق 5 بڑی معیشتوں کا حصہ ہونے کے بعد ہندوستان اب دنیا کی سب سے تیز بڑی معیشت بن گیا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ملک نے مختلف ممالک کے ساتھ آزاد تجارتی معاہدے کئے ہیں جن سے عوام کو کافی مواقع ملیں گے۔ نڈا کے مطابق مودی حکومت کے تحت ملک کی سلامتی مضبوط ہوئی ہے جبکہ ہندوستان نے آپریشن سندور کے ذریعہ پاکستان کو سخت جواب دیا ہے اور دہشت گردوں کے اڈوں کو تباہ کیا ہے۔

RS-KHARGE:

اپوزیشن لیڈر ملکارجن کھرگے نے بحث میں حصہ لیتے ہوئے الزام لگایا کہ مودی حکومت میں سماجی انصاف اور خوشحالی متاثر ہوئی ہے۔ انہوں نے یہ الزام بھی لگایا کہ بی جے پی کیلئے خواتین صرف ووٹ بینک بن کر رہ گئی ہیں۔ کھرگے نے سوال کیا کہ حکومت خواتین کے تحفظات پر عمل کیوں نہیں کر رہی ہے۔ ان کے مطابق ایس سی، ایس ٹی اور خواتین کے خلاف ملک بھر میں جرائم میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ کانگریس نے حکمرانی میں شفافیت لانے کیلئے آر ٹی آئی کا قانون متعارف کروایا تھا۔ انہوں نے منی پور میں تشدد کا معاملہ بھی اٹھایا اور الزام عائد کیا کہ حکومت وہاں کے عوام کی حفاظت کرنے میں ناکام رہی ہے۔

MANIPUR - PREZ RULE

صدر جمہوریہ دروپدی نے منی پور میں صدر راج کو آج فوری اثر کے ساتھ ختم کر دیا ہے۔ منی پور میں

گزشتہ سال 13 فروری کو صدر راج نافذ کیا گیا تھا۔ وزارتِ داخلہ نے اِس سلسلہ میں گزٹ اعلامیہ جاری ہے۔ اس اعلامیہ میں کہا گیا ہے کہ صدر جمہوریہ نے دستور کی دفعہ 356 کے تحت ریاست منی پور میں نافذ کردہ صدر راج کو برخواست کردینے کی ہدایت دی ہے۔

ISRAEL-GAZA ATTACK:

غزہ پٹی میں اسرائیل کے فضائی حملہ میں کم ازکم 17 فلسطینی شہید ہوگئے۔ ہاسپٹل کے عہدیداروں نے یہ بات بتائی۔ اسی دوران اسرائیلی فوج نے کہا ہے کہ یہ کارروائی اس وقت کی گئی جب شمالی غزہ میں جنگجوؤں کی جانب سے فائرنگ کی گئی جس میں ایک اسرائیلی فوجی شدید زخمی ہوگیا۔ یہ واقعہ زرد لکھیر کے قریب ایک آپریشن کے دوران پیش آیا جو جنگ بندی کے بعد سے اسرائیل کے قبضہ میں ہے۔ فوج نے کہا ہے کہ مسلح یونٹس اور طیارہ بردار جہاز نے مذکورہ حملے کیئے۔ ہاسپٹل کے ذرائع نے کہا کہ شہید ہونے والوں میں 6 بچے بھی شامل ہیں۔ غزہ شہر میں واقع الشفاء ہاسپٹل کے مطابق مختلف خیموں اور مکانات سے 13 لاشیں موصول ہوئیں جبکہ خان یونس میں واقع نصر ہاسپٹل نے اطلاع دی کہ جنوبی علاقہ میں ہوئے حملہ میں 4 ہلاکتیں ہوئیں۔

MAHESH:

ٹی پی سی سی کے صدر مہیش کمار گوڑ نے آج گاندھی بھون میں میڈیا کے ساتھ بات چیت کرتے ہوئے بی جے پی اور بی آر ایس پارٹیوں کو سخت تنقید کا نشانہ بنایا اور کہا کہ تلنگانہ میں بی جے پی کی موجودگی کا کوئی فائدہ نہیں ہے جبکہ انہوں نے یقین ظاہر کیا کہ بلدی انتخابات میں عوام اِس پارٹی کو مسترد کردیں گے۔ بی جے پی کے قومی صدر نتن نبین کے دورہ کے تعلق سے گوڑ نے سوال کیا کہ بی جے پی لیڈرس تلنگانہ میں مہم کیوں چلا رہے ہیں جبکہ مرکزی بجٹ میں ریاست کیلئے درکار فنڈس مختص نہیں کیئے گئے۔ انہوں نے بی جے پی پر مزید تنقید کرتے ہوئے کہا کہ یہ پارٹی صرف فرقہ وارانہ سیاست کرتی ہے اور حقیقی ترقی کو نظرانداز کرتی ہے۔

Gaddar Awards:

تلنگانہ حکومت، تلگو فلم انڈسٹری کو اعلیٰ ترجیح دیتی ہے اور حیدرآباد کو فلمی صنعت کا قومی مرکز بنانے کے نظریہ کیلئے کام کررہی ہے۔ یہ بات نائب وزیراعلیٰ بھٹی وکرامارکہ نے کہی۔ وہ سکریٹریٹ میں قدر فلم ایوارڈ کے جیوری ارکان کی ایک میٹنگ سے خطاب کررہے تھے۔ انہوں نے کہا کہ حیدرآباد میں ملک بھر کی تمام زبانوں سے تعلق رکھنے والی فلمی صنعتوں کیلئے حالات سازگار ہیں۔ انہوں نے یہ بات دہرائی کہ برجا حکومت اس مقصد کے تحت کام کرتی ہے کہ اس کے اقدامات سے سماج کو فائدہ پہنچے اور عوام کیلئے جوابدہ رہے۔ انہوں نے مشورہ دیا کہ قدر ایوارڈس کیلئے فلموں کے انتخاب کے دوران اِس کو یقینی بنایا گیا کہ ٹھوس سماجی پیغامات والی فلمیں آگے رہیں جس سے بامعنی سنیما کی حوصلہ افزائی ہوگی۔ بھٹی نے اعلان کیا کہ قدر فلم ایوارڈ کی فلموں کی نمائش اس ماہ کی 6 تاریخ سے شروع ہوگی جبکہ ایوارڈس کی تقسیم کی تقریب بڑے پیمانے پر اگادی تہوار کے موقع پر منعقد کی جائے گی۔

Kishan Reddy:

مرکزی وزیر کشن ریڈی نے کہا ہے کہ پالمور، بی جے پی کا ایک مضبوط قلعہ رہا ہے جس میں خراب دنوں میں بھی پارٹی کی مدد کی ہے۔ کشن ریڈی نے آج ضلع محبوب نگر میں وجئے سنکلپ سبھا میں شرکت کی۔ اس عوامی جلسہ میں پارٹی کے قومی صدر نتن نبین اور دیگر ریاستی لیڈروں نے بھی شرکت کی۔ کشن ریڈی نے کہا کہ دو وزرائے اعلیٰ چندر شیکھر راؤ اور ریونت ریڈی کے محبوب نگر سے نمائندگی کرنے کے باوجود اِس ضلع میں اب تک ترقیاتی کام نہیں ہوئے ہیں جبکہ مرکزی بجٹ میں تیز رفتار ریلوے کوریڈور کیلئے پانچ ہزار کروڑ روپے مختص کئے گئے ہیں۔ یہ ریلوے لائن ضلع محبوب نگر سے گزرے گی۔

CM:

وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے ضلع نلگنڈہ کے مریال گوڑہ ٹاؤن کا دورہ کرتے ہوئے مختلف ترقیاتی پروگراموں کا افتتاح کیا۔انہوں نے ینگ انڈیا انٹیگریٹیڈ اقامتی اسکول کا سنگ بنیاد رکھا جو 200 کروڑ روپے کی لاگت سے تعمیر کیا جارہا ہے۔وزیراعلیٰ سیلف ہلپ گروپوں کی خواتین میں چکس بھی تقسیم کئے اوراس موقع پر کہا کہ عوامی حکومت،عوام کیلئے کام کررہی ہے لہٰذا بلدی انتخابات میں پارٹی کی حمایت کرنی چاہیئے۔

○○